## بھینس کالونی کے متاثرہ تاجروں کومعاوضہ ادا کیا جائے،الطاف حسین

## زہریلا چارہ کھانے سے بھینسوں کی ہلاکت پرمتاثرہ تاجروں سے اظہارافسوس

لندن۔۔۔28،نومبر2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائدجناب الطاف حسین نے لانڈھی میں واقع بھینس کالونی میں زہریلا چارہ کھانے سے سینکڑوں بھینسوں کی ہلاکت پر گہری تشویش کا اظہارکیا ہےاور متاثرہ تاجروں سے دلی افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے شدید مالی نقصانات پرمتاثرہ تاجروں سے دلی ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیوایم متاثرہ تاجروں کے ساتھ ہےاوران کےنقصانات کے ازالے کیلئے ہرسطح پرآواز بلند کرے گی۔جناب الطاف حسین نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ بھینس کالونی میں سینکڑوں بھینسوں کی ہلاکتوں کا سنجیدگی سے نوٹس لیا جائےاورمتاثرہ تاجروں کومعاوضہ ادا کیا جائے تاکہ وہ باعزت طریقے سے اپنے اہل خانہ کی کفالت کرسکیں۔

## مونوٹیکنیکل کالج کے لیکچرار حسن حیدر کی ہلاکت پر رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔28،نومبر2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے مونوٹیکنیکل کالج گلستان جوہر میں اسلامی جمعیت طلبہ کے دہشت گردوں کی فائرنگ سے لیکچرار حسن حیدر کی ہلاکت پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مقتول کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مقتول کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اورسوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ دے۔(آمین)

## جماعت اسلامی اور جمعیت نے جامعہ پنجاب میں غنڈہ گردی کے بعد سندھ کے تعلیمی اداروں کا امن تباہ کرنے کیلئے دہشت گردی کے منصوبے پرعمل شروع کردیا ہے،سلیم شہزاد

## سندھ خصوصاً کراچی کے امن پسند عوام جماعت اسلامی اوراسلامی جمعیت طلباء کی غنڈہ گردی کو ہرگز برداشت نہیں کریں گے

لندن۔۔۔28،نومبر2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن سید سلیم شہزاد نے مونوٹیکنک کالج گلستان جوہرکراچی میں جماعت اسلامی کی بغل بچہ تنظیم اسلامی جمعیت طلبا کے دہشت گردوں کی دہشت گردی کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ اس واقعہ میں ملوث جماعت اسلامی کے پانچ دہشت گردوں کی اسلحہ سمیت رنگے ہاتھوں گرفتاری اس بات کا ثبوت ہے کہ جماعت اسلامی اوراس کی بغل بچہ تنظیم ایک دہشت گرد جماعت ہے۔انہوں نے کہا کہ جماعت اسلامی نے جامعہ پنجاب میں غنڈہ گردی کے بعد اب کراچی اور سندھ کے تعلیمی اداروں کا امن تباہ کرنے کیلئے دہشت گردی کے منصوبے پرعمل شروع کردیا ہے۔انہوں نے کہا کہ جامعہ پنجاب میں جماعت اسلامی اوراسلامی جمعیت طلباء نے گزشتہ دنوں جوغنڈہ گردی اوردہشت گردی کی ہے اس سے ایک مرتبہ پھر ملک بھر کےعوام کے سامنے جماعت اسلامی اوراسلامی جمعیت طلباء کا گھناؤنا چہرہ اورمکروہ کردار بےنقاب ہوگیا ہے جس کے بعد جماعت اسلامی اوراس کی بغل بچہ تنظیم اسلامی جمعیت طلبا کے دہشت گردوں نے ایک بار پھرکراچی کے تعلیمی اداروں کا رخ کیا ہےاورایک مذموم منصوبہ بندی کے تحت جماعت اسلامی اوراسلامی جمعیت طلباء کے غنڈوں نے سندھ کا امن تباہ کرنے کیلئے تعلیمی اداروں میں دہشت گردی کا عمل شروع کردیا ہےاور گزشتہ روز مونوٹیکنک کالج میں ہونے والا دہشت گردی کا واقعہ اسی منصوبہ بندی کا حصہ ہے جس میں جماعت اسلامی اوراسلامی جمعیت طلبا کے دہشت گردوں نے کالج میں اندھادھند فائرنگ کی اورنہ صرف کالج کے ایک لیکچرار کو ہلاک کردیا بلکہ متعدد معصوم طلباء کوبھی زخمی کردیا۔جس کے بعد پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے جماعت اسلامی کے پانچ دہشت گردوں کواسلحہ سمیت رنگے ہاتھوں گرفتارکرلیا۔ان دہشت گردوں کی گرفتاری اس بات کا کھلا ثبوت ہے کہ جماعت اسلامی اوراس کی بغل بچہ تنظیم کھلی دہشت گردی پراترآئی ہے۔سید سلیم شہزاد نے کہا کہ سندھ خصوصاً کراچی کےعوام امن پسند ہیں اور جماعت اسلامی اوراسلامی جمعیت طلباء کی غنڈہ گردی کو ہرگز برداشت نہیں کریں گے۔انہوں نے صدر پرویز مشرف،نگراں وزیراعظم محمد میاں سومرو،گورنرسندھ ڈاکٹرعشرت العباداورنگراں وزیراعلیٰ سندھ عبدالقادر ہالیپوٹہ سے مطالبہ کیا ہے کہ جماعت اسلامی اوراسلامی جمعیت طلبا کے دہشت گردوں کے خلاف قانون کے مطابق سخت کارروائی کی جائے۔

## آئندہ عام انتخابات میں ملک بھر کے عوام مفاد پرستی کی سیاست کو مسترد کردیں گے،حق پرست سینیٹرز

کراچی۔۔۔28،نومبر 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست سینیٹرز نے کہا ہے کہ آئندہ عام انتخابات میں ملک بھر کے عوام سیاسی بازیگروں اور مفاد پرستی کی سیاست کو مسترد کردیں گے۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم فرسودہ جاگیردارانہ نظام کے خاتمے اورعوامی مسائل کے حل کیلئے عملی جدوجہد کررہی ہے۔انہوں نے کہا کہ حق پرست عوامی نمائندوں کا کردار وعمل ملک بھر کے عوام کے سامنے ہےاور ملک بھر کے عوام جان چکے ہیں کہ ایم کیوایم، پاکستان کی واحد جماعت ہے جوغریب ومتوسط طبقہ کے عوام کے مسائل کے حل کیلئے عملی جدوجہد کررہی ہے۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم کا پیغام حق ملک بھر میں تیزی سے پھیل رہا ہےاور ملک بھر کے عوام ایم کیوایم کے پرچم تلے جمع ہورہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ عوام میں شعوری بیداری کا عمل تیزی سے فروغ پارہا ہےاور انشاءاللہ آئندہ عام انتخابات میں ملک بھر کے عوام سیاسی بازیگروں، جاگیرداروں، وڈیروں اور مفاد پرست سیاستدانوں کو مسترد کرکے اپنی صفوں سے ایماندار، باصلاحیت اور باکردار قیادت منتخب کریں گے۔انہوں نے کہا کہ عوام میں شعوری بیداری کا یہ عمل ملک سے فرسودہ جاگیردارانہ نظام کے خاتمے کیلئے اہم سنگ میل ثابت ہوگا اور ملک بھر کے عوام اپنے اتحاد کے ذریعے پرامن جمہوری طریقے سے فرسودہ جاگیردارانہ نظام کا خاتمہ کردیں گے۔حق پرست سینیٹرز نے ملک بھر کے عوام سے اپیل کی کہ وہ آئندہ عام انتخابات میں بھرپور حصہ لیں اور اپنے قیمتی ووٹ کا صحیح استعمال کریں۔

## مونوٹیکنیکل کالج کے لیکچرار حسن حیدر کے قاتل جمعیت کے دہشت گردوں کو گرفتار کیا جائے،اے پی ایم ایس او

کراچی۔۔۔28،نومبر 2007ء

آل پاکستان متحدہ اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن کی تنظیم نو کمیٹی کے اراکین نے جماعت اسلامی کی بغل بچہ تنظیم اسلامی جمعیت طلباء کے مسلح دہشت گردوں کے ہاتھوں مونوٹیکنیکل کالج کے لیکچرار حسن حیدر کے قتل کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ اسلامی جمعیت طلبہ کے دہشت گردوں نے کراچی کے تعلیمی اداروں کا امن تباہ کررکھا ہےاور اب تھنڈر اسکواڈ کے دہشت گردوں کے ہاتھوں اساتذہ کرام بھی عدم تحفظ کا شکار ہیں۔انہوں نے کہا کہ ایک جانب اسلامی جمعیت طلباء کے غنڈہ عناصر کراچی کے تعلیمی اداروں کا امن وسکون غارت کررہے ہیں، بے گناہ طلباء کو دہشت گردی کا نشانہ بنارہے ہیں اور فائرنگ کرکے اساتذہ تک کو قتل کررہے ہیں جبکہ دوسری جانب ڈھٹائی اور بے شرمی کا مظاہرہ کرتے ہوئے اس افسوسناک واقعہ کا الزام اے پی ایم ایس او کے بے گناہ کارکنان پر تھوپنے کی شرمناک کوشش کررہے ہیں جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔اے پی ایم ایس او کی تنظیم نو کمیٹی کے اراکین نے گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد اور نگراں وزیراعلیٰ سندھ عبدالقادر ہالیپوتہ سے مطالبہ کیا کہ مونوٹیکنیکل کالج میں اسلامی جمعیت طلبہ کی دہشت گردی، غنڈہ گردی اور تھنڈر اسکواڈ کے دہشت گردوں کے ہاتھوں کالج کے لیکچرار حسن حیدر کی ہلاکت کا سختی سے نوٹس لیا جائے اور قتل کی واردات میں ملوث جمعیت کے دہشت گردوں کو گرفتار کرکے سخت ترین سزا دی جائے۔

## ایم کیوایم لائنز ایریا سیکٹر کے کارکن سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔28،نومبر 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم لائنز ایریا سیکٹر یونٹ 196 کے کارکن محمد ہارون کی ہمشیرہ محترمہ فردوس رحیم کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومہ کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔

☆☆☆☆☆